Urdu

پبلک سروس اطلاع

26 نومبر ، 2019

فوری طور پر جاری کرنے کے لئے

فریزر ہیلتھ نے پبلک کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سری میں واقع دِتہ ہیلتھ سینٹر آیورویدک کِلنک سے خریدی گئی اشیا کو مسترد کر دیں۔

سری - فریزر ہیلتھ سری میں دتہ ہیلتھ سنٹر آئورویڈک کلینک ("دتہ کلینک") کے مؤکلوں کوتوجہ دلا رہی ہے کہ وہ دتہ کلینک سے خریداری کی جانے والی کوئی بھی آیورویدک مصنوعات مسترد کر دیں کیونکہ ان کی جانچ کی گئی ہے اور جس سے معلوم ہوا ہے کہ ان میں بھاری دھاتوں کی قابل قبول سطح سے زیادہ مقدار موجود ہے (بشمول سیسہ اور پارہ)، یا وہ ہیلتھ کینیڈا کے ذریعہ قدرتی صحت کی مصنوعات کے طور پر لائسنس یافتہ نہیں ہیں۔ دتہ کلینک کے ذریعہ فروخت کردہ اشیا صحت کے لئے سنگین خطرہ بن سکتی ہیں۔

فریزر ہیلتھ نے دتہ کلینک جو یونٹ 109 ، 12888 - 80 ایوینیو، سرے ، بی سی میں واقع ہے کے مالک کو، ، صحت سے متعلق خطرہ کا حکم پبلک ہیلتھ ایکٹ (ڈویژن 4) کے تحت جاری کیا تھا ، جو سیسہ کی موجودگی کی تحقیقات کی بنا پر تھا۔ ہیلتھ کینیڈا نے دتہ کلینک کے حوالے سے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے۔

بھاری دھاتوں کی بلند سطح پر مشتمل مصنوعات کا استعمال سخت بیماری اور یہاں تک کہ موت کا سبب بن سکتا ہے۔ فریزر ہیلتھ، دتہ کلینک سے آیورویدک مصنوعات کھانے کے بعد ایک فرد کے سیسہ کے زہر سے بیمار ہونے سے آگاہ ہے۔

اگر آپ دتہ کلینک سے اشیا خریدتے یا کھاتے ہیں اور اپنی صحت کے بارے میں خدشات رکھتے ہیں تو براہ کرم ایک معالج سے ملیں اور انہیں استعمال کردہ کسی بھی شے سے آگاہ کریں۔ کسی بھی تشخیص یا علاج پر آپ کے معالج کے ساتھ کام کرنے کے لئے بی سی ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سنٹر دستیاب ہے ۔ آپ صحت سے متعلق کسی بھی شے کے مضر واقعات یا شکایات کی اطلاع ہیلتھ کینیڈا کو بھی دے سکتے ہیں۔

سیسہ کے زہر کی علامات میں شامل ہیں:

- خون کی کمی
- سر درد / چڑچڑاپن / سست سوچ
- قبض
- پیٹ میں درد
- اسقاط حمل / مردہ پیدائش

پارہ کے زہر کی علامات میں شامل ہیں:

- بدلتے موڈ
- یاداشت کھونا
- پٹھوں کی کمزوری

اگر آپ کے پاس کوئی سوالات ہیں یا آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہے تو ، براہ کرم فریزر ہیلتھ کے سرے ہیلتھ پروٹیکشن آفس 5405-930(604) لوکل 765612 پر کال کریں۔

مزید معلومات اور خبروں کے لئے www.fraserhealth.ca پر جائیے۔
http://twitter.com/Fraserhealth پر: ہمیں فالو کیجئے

میڈیا پوچھ گچھ کے لئے ، براہ کرم رابطہ کریں:

فریزر ہیلتھ میڈیا لائن: (604) 613-0794

فریزر ہیلتھ میڈیا ای میل: media@fraserhealth.ca